© rasailojaraid.com



| | | |
|---|---|---|
| کتاب | : | طب اسلامی برصغیر میں |
| مرتب و ناشر | : | خدا بخش اورینٹیئل پبلک لائبریری ۔ پٹنہ |
| سال اشاعت | : | ۱۹۸۸ء |
| تعداد صفحات | : | ۱۴ + ۴۲۸ + ۹۴ |
| قیمت | : | پچاس روپے |
| تبصرہ نگار | : | عارف نوشاہی ☆ |

پٹنہ (بھارت) میں خان بہادر مولوی خدا بخش مرحوم کی قائم کردہ جاودانی یادگار "خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری" کے بارے میں اس کتب خانے کے ایک مورخ وی سی اسکاٹ اوکونز نے کہا تھا کہ یہ دنیا میں اسلامی ادبیات کے بے بہا خزانوں میں سے ایک نفیس ترین خزانہ ہے۔ (۱) مسرت انگیز اور اطمینان بخش امر یہ ہے کہ اب یہ محض ایک عمومی کتب خانہ نہیں رہا بلکہ ایسے متحرک علمی، تحقیقی اور اشاعتی ادارے میں تبدیل ہو گیا ہے کہ علاقے کے تمام محققین بھی اس کے ساتھ ساتھ فعال ہیں۔ کتب خانے نے گذشتہ چند سال سے اپنی اور محققین کی توجہ ایک ایسے اہم موضوع کی طرف دلا رکھی ہے جو قریب قریب فراموش ہوتا جا رہا ہے ۔ یعنی قلمی نسخوں کی فہرست نویسی اور ان پر مزید تحقیق ۔ کتب خانہ، مخطوطات پر اب تک دو علاقائی سیمینار منعقد کروا چکا ہے جن میں ہندوستان کے ساتھ ساتھ پاکستان اور بنگلادیش کو بھی نمائندگی کا موقع دیا گیا۔ پہلا سیمینار مارچ ۱۹۸۴ء میں طبی مخطوطات پر پٹنہ اور دہلی میں ہوا ۔ دوسرا سیمینار ۱۹۸۵ء میں تصوف کے قلمی نسخوں پر منعقد ہوا ۔ کتب خانے نے دونوں سیمیناروں میں پڑھے جانے والے مقالات پہلے اپنے ترجمان رسالے "خدا بخش لائبریری جرنل" میں شائع کیے اور بعد میں انہیں کتابی صورت میں بھی چھاپا۔

زیر تبصرہ کتاب میں ہندوستان اور پاکستان کے کتب خانوں میں موجود اہم طبی مخطوطات پر سینتالیس (۴۷) تفصیلی مقالات شامل ہیں اور آخر میں دونوں ممالک میں اہم عربی اور فارسی طبی

☆ ماڈل ٹاؤن، ہمک ۔ اسلام آباد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مخطوطات کی دستی فہرست بھی ہے ۔ زیادہ تر مقالات ہندوستانی مخطوطات کے بارے میں ہیں جو "حکیم" مخطوطہ شناس افراد نے لکھے ہیں۔ اس کتاب کے ذریعے ہمیں پہلی دفعہ برصغیر میں طبی مخطوطات پر معلومات ایک جگہ مل جاتی ہیں اور یہ اپنے موضوع پر حوالے کی کتاب بن گئی ہے۔ اگرچہ بعض موضوعات کی جگہ خالی ہے۔ مثلاً طب ہندی سے متاثر و ماخوذ یا سنسکرت سے ترجمہ شدہ فارسی طبی کتب پر ہمیں کوئی مقالہ نظر نہیں آتا۔ بعض مخطوطات کے بارے میں کہا گیا ہے کہ "غیر مطبوعہ" ہیں۔ حالانکہ یہ طبع ہو چکے ہیں ۔ مثلاً اسرار قاسمی از حسین کاشفی مطبوعہ لاہور ۱۳۳۱ھ، تحقیق البحران از احمد اللہ دہلوی مطبوعہ مدراس، ۱۹۵۰ء، جامع الفوائد از یوسف بن محمد مطبوعہ لکھنؤ، ۱۲۶۸ھ، ریاض الادویہ از یوسف یوسفی مطبوعہ لاہور ۱۸۷۳ء، فوائد الانسان از حکیم دوائی مطبوعہ لاہور ۱۳۳۳ھ، یادگار رضائی از رضا علی خان مطبوعہ ۱۲۸۳ھ۔

© rasailojaraid.com